ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (822)

27-12-2022

ڈی پی او بہاول پور عبادت نثار کی ہدات پر بہاول پور پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، 12 ملزمان گرفتار، 505 لیٹر شراب دیسی، 01 چالو بھٹی شراب، 620 گرام چرس اور اسلحہ ناجائز برآمد۔ مقدمات درج۔ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او عبادت نثار۔

بہاول پور( )تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر بہاول پور پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤ ن کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کیا۔ **تھانہ کوتوالی، عباسنگر، اوچشریف، دھوڑکوٹ، نوشہرہ جدید، سٹی حاصلپور، صدر حاصلپور اور قائمپور پولیس نے 10 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 505 لیٹر شراب دیسی اور 01 عدد چالو بھٹی شراب برآمد کر لی۔** جبکہ تھانہ خیر پور ٹامیوالی نے اسلحہ غیر قانونی کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے قبضہ سے پسٹل 30 بور 01 عدد برآمد کر لیا۔ عباسنگر پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے عمران کو گرفتار کر کے 620 گرام چرس برآمد کر لی۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمات درج رجسٹر کر لئے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاول پو عبادت نثار نے تمام متعلقہ ایس ایچ اوز کو اچھی کارکردگی پر شاباش دی اور آئندہ بھی ایسی مزید کاروائی جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او مزید کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر معاشرے کا ناسور ہیں۔ ان کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، منشیات فروش اور اسلحہ ناجائز رکھنے والے 12 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(823)

27.12.2022

بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری کا انقعاد،متعدد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے،انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے،کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا ہے،ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار نے احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری کی جس میں متعدد شہریوں نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ اے ایس پی احمد پور شرقیہ حسیب جاوید میمن اور سرکل کے تمام ایس ایچ اوز نے بھی کھلی کچہری میں شرکت کی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہری کا انقعاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی بروقت دادرسی کی جا سکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔عام آدمی کو اس کی دہلیز پر انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی احمد پور شرقیہ میں کھلی کچہری کا انقعاد،متعدد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے